پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن

اسکاؤٹ رجسٹریشن سسٹم و ضرورت

اسکاؤٹ تحریک کی ورلڈ تنظیم (WOSM) کی ہدایات کے مطابق کہ دنیا میں ہر کب (شاہین)/بوائے/روور اسکاؤٹ اور اسکاؤٹ لیڈرز کی اسکاؤٹنگ میں داخلہ کے وقت ان کی رجسٹریشن کرنا لازمی ہے۔ 1907 میں جب اسکاؤٹ تحریک کے بانی لارڈ بیڈن پاول نے 20 لڑکوں کے ساتھ اپنا پہلا اسکاؤٹ کیمپ کیا تھا تو انہوں نے سب سے پہلے ان 20 لڑکوں کی اسکاؤٹنگ میں شمولیت کے لئے باقاعدہ رجسٹریشن کی تھی۔ اس وقت دنیا میں 160 ممالک کی قومی اسکاؤٹ تنظیموں کے ہاں باقاعدہ ایک رجسٹریشن سسٹم موجود ہے۔

پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن میں ہم آج تک باقاعدہ کوئی رجسٹریشن سسٹم تشکیل نہیں دے سکے۔ صرف صوبائی ایسوسی ایشن جو اعداد و شمار ہمیں ارسال کرتے ہیں۔ وہ ہی ہماری ممبر شپ کی تعداد ہوتی ہے۔ یہ اعداد و شمار محض کاغذی ہیں اور عملی طور پر ہمارے ہاں کسی بھی ضلع/صوبے میں رجسٹریشن سسٹم نہیں ہے۔ ہماری پی او آر کے رولز کے مطابق تمام یونٹس/گروپس اپنی ضلعی اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے چاہیں اور غیر رجسٹرڈ اسکاؤٹس اسکاؤٹ یونیفارم اور بیجز نہیں پہن سکتا ہے۔

ہمارے سابق چیف کمشنر پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف کی ہدایات پر اور قومی انتظامیہ کمیٹی پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کی قرارداد کے مطابق درج ذیل رجسٹریشن سسٹم متعارف کرایا ہے۔ اس ضمن میں صوبائی ایسوسی ایشنز کے تعاون سے مندرجہ ذیل رجسٹریشن سسٹم نافذ العمل ہے:

1۔ تمام شاہین/بوائے/روور اسکاؤٹ اور اسکاؤٹ لیڈرز کی رجسٹریشن کے لئے درج ذیل فارم اے (A) متعارف کرایا ہے۔ جیسے ہی ایک شاہین/بوائے/روور اسکاؤٹ اور اسکاؤٹ لیڈر متعلقہ سیکشن کا ممبر شپ بیج حاصل کر لیتا ہے تو وہ اس فارم کی چار کاپیاں پر کرے گا اور اپنی اسکاؤٹ یونیفارم میں تصویر لگائے گا۔

2۔ تمام شاہین/بوائے/روور یونٹس/گروپس فارم بی (B) فارم میں دی گئی ہدایات کے مطابق پر کریں گے (نمونہ نیچے دیا گیا ہے)۔ یہ فارم دوسرے اسکاؤٹ رجسٹریشن فارموں (یعنی فارم ۔A) کی ایک ایک کاپی اپنے پاس، تین کاپیاں ضلعی اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کو ارسال کرے گا۔ ضلعی اسکاؤٹ ایسوسی ایشن اپنے پاس ایک کاپی رکھنے کے بعد دو کاپیاں صوبائی ایسوسی ایشنز کو ارسال کرے گی۔ صوبائی ایسوسی ایشنز ایک سمری بنا کر ان فارموں (فارم A اور B) کی کاپیاں نیشنل ہیڈ کوارٹرز کو ارسال کریں گی۔ ان تمام فارموں (جیسے فارم A) پر رجسٹریشن نمبر صوبائی ہیڈ کوارٹرز جاری کرتا ہے۔ جیسے پنجاب کیلئے (P-525)، P سے مراد پنجاب اور 525 اس کا اسکاؤٹ نمبر ہوگا۔ اسی طرح بلوچستان کیلئے "B"، سندھ کیلئے "S"، سرحد کیلئے "NW"، کشمیر کیلئے "AJK"، اسلام آباد کیلئے "Isb"، شمالی علاقہ جات کیلئے "NA"، پی آئی اے کیلئے "PIA" اور پاکستان ریلوے کیلئے "PR" کا استعمال ہوگا۔ ایک دفعہ جس اسکاؤٹ کو جو نمبر الاٹ کیا جائے گا۔ وہی نمبر ہمیشہ کیلئے اس کا رہے گا۔ نیشنل ہیڈ کوارٹرز یونٹس/گروپس رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔ اس کا نمونہ ساتھ منسلک ہے۔

3۔ شاہین اور بوائے اسکاؤٹس کے لئے اس رجسٹریشن فارم کے پُر کرنے اور رجسٹریشن کرانے کیلئے فی الحال کوئی رجسٹریشن فیس نہیں ہے۔

4۔ رجسٹریشن فارم کی تین کاپیاں تیار کی جائیں گی۔ ایک کاپی ڈسٹرکٹ سیکرٹری رکھیں گے اور دو کاپیاں وہ صوبائی ایسوسی ایشنز کو بھیجیں گے۔ اور صوبائی سیکرٹری اسکاؤٹ رجسٹریشن فارم پر مہر لگا کر ایک کاپی اپنے پاس رکھیں گے اور دوسری کاپی نیشنل ہیڈ کوارٹرز کو ارسال کریں گے۔

ابوذر منصور، ڈائریکٹر ٹریننگ اینڈ پروگرام